# بیضہ دانی کا کینسر تمام کمیونٹیز کی خواتین کو متاثر کرتا ہے۔

یہ 50 اور 79 سال کے درمیان کی عمر کی خواتین میں سب سے زیادہ عام ہے لیکن یہ بیضہ دانیوں کے ساتھ پیدا ہونے والی کسی بھی خاتون میں کسی بھی عمر میں ہو سکتا ہے۔ آپ کو اس بات سے آگاہ ہونا چاہیے کہ سرویکل سکریننگ (سمیئر) ٹیسٹس بیضہ دانی کے کینسر کا پتہ نہیں چلاتے۔

## بیضہ دانی کے کینسر کی علامات کو پہچاننا:

**B** is for bloating that doesn't come and go
بلوٹنگ یعنی پھولا ہوا ہونے کے لیے ہے جو تھوڑی دیر کے لیے نہیں ہوتا

**E** is for eating difficulty and feeling full more quickly
کھانے کی مشکل اور زیادہ جلدی پیٹ بھرا ہوا محسوس ہونے کے لیے ہے

**A** is for abdominal and pelvic pain you feel most days
پیٹ اور پیڑو کے درد کے لیے ہے جو آپ زیادہ تر دنوں میں محسوس کرتی ہیں

**T** is for toilet changes in urination or bowel habits
ٹائلٹ یعنی پیشاب یا پاخانہ کرنے کی عادات میں تبدیلیوں کے لیے ہے

بہت سی خواتین بیضہ دانی کے کینسر کے ان اشارات اور علامات کو نہیں جانتیں۔ اس بات کا زیادہ امکان ہے کہ یہ علامات کسی کم خطرناک چیز کی وجہ سے ہوں گی لیکن اگر وہ متواتر ہیں یا آپ فکرمند ہیں تو اپنے ڈاکٹر سے بات کریں یا Ovacome سے رابطہ کریں۔

### یاد رکھیں

کہ آپ اپنے جسم کی ماہر ہیں۔ آپ کی صحت اہمیت رکھتی ہے۔

اگر آپ کو علامات کا تجربہ ہوتا ہے تو یہ اہم ہے کہ کسی ڈاکٹر سے ملیں۔

Ovacome یو کے کی بیضہ دانی کے کینسر سے متعلقہ معاونت فراہم کرنے والی قومی رفاہی تنظیم (چیرٹی) ہے۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ تنہائی کو کم کیا جائے، معلومات فراہم کی جائیں اور اس بیماری سے متاثر ہونے والی کسی بھی خاتون کو معاونت فراہم کی جائے۔

اگر آپ کوئی سوالات پوچھنا چاہتی ہیں یا آپ بیضہ دانی کے کینسر سے متاثر ہوئی ہیں تو برائے مہربانی 0121 647 6635 پر ہماری سپورٹ لائن کو ٹیلیفون کریں۔

اُردو میں ایک وائس میل آپ کا استقبال کرے گی اور آپ سے کہا جائے گا کہ ایک پیغام چھوڑ دیں جو یہ وضاحت کرتا ہو کہ آپ کیا معاونت چاہتی ہیں۔ Ovacome تعین کرے گی کہ ہم کیسے مدد کر سکتے ہیں اور ایک انٹرپریٹر (ترجمان) کو استعمال کرتے ہوئے معاونت کی پیشکش کرے گی۔

اگر آپ ہماری ٹیم کے ساتھ براہ راست انگریزی میں بات کرنا چاہیں گی تو آپ 0800 008 7054 پر ہمیں ٹیلیفون کر سکتی ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر جا سکتی ہیں جہاں آپ کو مزید معلومات اور معاونت ملے گی www.ovacome.org.uk

ہم کئی ایک سروسز فراہم کرتے ہیں، جیسا کہ:

- ایک 24 گھنٹے آن لائن فورم: **healthunlocked.com/ovacome**
- سپورٹ گروپس: **0800 008 7054**
- بیضہ دانی کے کینسر کے بارے میں قابل اعتماد معلومات کے کتابچے: **www.ovacome.org.uk/information**

برائے مہربانی یاد رکھیں کہ **Ovacome** یو کے کی ایک چیرٹی ہے اور صرف **NHS** اور یو کے میں قائم سروسز کے بارے میں مشورے کی پیشکش کر سکتی ہے۔

ovacome..
ovarian cancer

Funding from:
HM Government
In partnership with
THE NATIONAL LOTTERY COMMUNITY FUND